DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 01-06-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گڈ گورننس کے فروغ میں وفاقی وصوبائی محتسب کا کردار اہم ہے، صدر علوی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | نظام عدل میں نقائص اور ابہام کو دور کرنے کی ضرورت ہے، گورنر۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | ہیلتھ کارڈ کے اجراء کا معاہدہ 18 لاکھ خاندان مستفید ہونگے قدوس بزنجو۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | معذور افراد کو باعزت روزگار کی فراہمی ترجیح ہے، ثمینہ عارف۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | آئندہ مالی سال کے بجٹ میں عوام کو کافی حد تک ریلیف ملے گا، مولانا عبدالواسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی سے معاہدہ طے پا گیا 2 ماہ میں صحت کارڈ جاری کرینگے سید احسان شاہ۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | انجینئر زمرک کی قیادت میں وفد جائٹکس افریقہ نمائش میں شرکت کیلئے مراکو پہنچ گیا۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | آئندہ قومی وصوبائی دونوں حلقوں سے الیکشن لڑوں گا، مٹھا خان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | غیر ملکی شہری سزا پوری ہونے پر کوئٹہ جیل سے گڈانی منتقل۔ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان بڑا صوبہ ہے پنجاب کے ساتھ موازنہ کیا جاسکتا وفاقی محتسب۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | مفت اور لازمی تعلیم ہر بچے کا حق محکمہ تعلیم بلوچستان کی داخلہ مہم جاری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | تعلیم شعور کا نام بہتری کیلئے ہر ممکن کردار ادا کریں گے کمانڈنٹ ایف سی لورالائی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بی اے پی بکھر چکی اراکان پی پی میں شامل ہوگئے، جام کمال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | حکومت کوئٹہ کے شہریوں کو روزگار دینے میں ناکام ہے، جمعیت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | گوادر کو ضرورت کے مطابق بجلی فراہم کی جائے اسلم بھوتانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | تربت میں ڈینگی کا مرض تیزی سے پھیلنے لگا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | صوبائی وزراء نے کوئٹہ کے نوجوانوں کو نوکریوں سے محروم رکھا، مولانا عبدالرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ مختلف کاروائیوں میں 7 ملزمان گرفتار بھاری مقدار میں چرس برآمد کوئٹہ سگریٹ نہ ہونے پر گاہک نے دکان کو فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا قلعہ عبداللہ میں زمین کے تنازع پر فائرنگ ایک شخص ہلاک دو زخمی، کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق کچلاک پولیس نے اسلحہ برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا، بیلہ پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا، تمبو کے علاقے میں ایک شخص قتل اندھی گولی لگنے سے لڑکی جاں بحق، تربت فائرنگ سے ایک شخص جان بحق۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 01-06-2023

## عوامی مسائل

کوئٹہ میں مرغی کا گوشت 2امریکی ڈالر سے بھی مہنگائی گوکلو 620 میں فروخت نجمہ بلوچ کوخودکشی پر مجبور کیا گیا ذمہ داران کو پھانسی دی جائے والدین۔مکران میں 80 میگاواٹ بجلی کا شاٹ فال بحران پھر سنگین ہوگیا۔گوادر میں چوری ڈکیتی وجرائم کی شرح میں اضافہ۔

## اداریہ:

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "کوئٹہ میں 19سال بعد قومی کھیلوں کا انعقاد" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کوئٹہ میں 34ویں نیشنل گیمز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں 19 سال بعد قومی کھیلوں کا انعقاد خوش آئندہ اقدام ہے،کوئی طاقت پاکستان کو ترقی سے نہیں روک سکتی۔اس میں شبہ نہیں کہ ایک طویل عرصہ کے بعد بلوچستان میں کھیلوں کے انعقاد سے دنیا کو یہ مثبت پیغام گیا ہے کہ بلوچستان ایک پرامن صوبہ ہے۔بلوچستان میں قیام امن میں پاک فوج کے کردار کونظر انداز نہیں کیا جس کوکوششوں سے صوبہ میں کھیلوں کا انعقاد ممکن ہوسکا۔بلوچستان ایک زرخیز اور معدنی دولت سے مالا مال صوبہ ہے۔اس کے وسائل کے استعمال کے حوالے سے بلوچستان کے عوام کو جو شکایات رہی ہیں ان کے ازالہ کے لئے تمام سیاسی کوششیں بھی بروئے کار لارجانی چاہئے۔اس کے وسائل کے صحیح استعمال سے نا صرف پسماندہ علاقوں کو ترقی دی جاسکتی ہے بلکہ ایسے اقدامات پورے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا موجب بھی بن سکتے ہیں۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Helping flood victims" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "ھراساں خاتون استاد کی خودکشیتعلیم دشمنی اور سفاکی کی علامت" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92نیوز کوئٹہ "صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا کوئٹہ کا دورہ" عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 01 JUN 2023

Page No: 1

# گڈ گورننس کے فروغ میں وفاقی وصوبائی محتسب کا کردار اہم ہے، صدر علوی

## خواتین ملکی آبادی کا نصف، جنہیں آگے بڑھنے کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنیکی ضرورت ہے، خطاب

کوئٹہ (اے پی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے باہمی تنازعات اور [illegible] نمٹنے کے لئے معمولی نوعیت کے مقدمات کو جلد نمٹانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی خدمت اور گڈ گورننس کے فروغ میں وفاقی اور صوبائی محتسبین کا کلیدی کردار ہے۔ گزشتہ روز سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے صدر نے کہا کہ 2017 میں قومی اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے انہوں نے روایتی عدالتی نظام پر بوجھ کم کرنے کے لئے تنازعات کے متبادل حل سے متعلق ایک بل کی منظوری کے لئے فعال طور پر کام کیا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ سیکورٹی مسائل کی وجہ سے "زوم میٹنگز" جیسے آن لائن سیٹ اپ کا اہتمام کا تجربہ بھی کیا جا چکا ہے تا کہ عام لوگوں کو بروقت انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ صدر نے کہا کہ انہوں نے گزشتہ رات وفاقی محتسب کے 10 مقدمات کو نمٹایا اور عام طور پر وہ اپیلوں کے مقدمات کو صرف چند گھنٹوں میں نمٹا دیتے ہیں۔ صدر نے محتسب کے کردار کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا کیونکہ اس وقت بہت کم لوگ اس کے کردار سے واقف ہیں۔ انہوں نے سرکاری افسران اور عام لوگوں کے درمیان روابط کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام معاشرے میں امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لئے لوگوں کو صبر اور درگزر کا درس دیتا ہے۔ کوئی قوم صحیح معنوں میں اسلام کی اقدار اور تعلیمات پر عمل پیرا ہو تو اسے کسی غیر ملکی امداد کی ضرورت نہیں۔ خواتین کے حقوق کی اہمیت اور معاشرے میں ان کی شمولیت کے بارے میں بات کرتے ہوئے صدر نے کہا کہ اسلام پہلا مذہب ہے جس نے خواتین کو وراثت فراہم کرنے پر زور دیا اور قرآن مجید میں اس پر وضاحت کے ساتھ زور دیا گیا ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں خواتین کی شرکت کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے صدر عارف علوی نے کہا کہ ملک کی 52 فیصد آبادی کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، خواتین کو آگے بڑھنے کے لئے مواقع اور سازگار ماحول فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

# معذور افراد کو باعزت روزگار کی فراہمی ترجیح ہے، ثمینہ عارف

## ووکیشنل ٹریننگ سنٹر، فزیوتھراپی انسٹیٹیوٹ اور دارالامان کے دورے پر بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی نے کہا کہ معذور اور نادار افراد بھی معاشرے کا اہم حصہ ہے جنہیں تعلیم و تربیت باعزت روزگار فراہم کرنا اولین ترجیحات ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوشل ویلفیئر کے تحت چلنے والے ووکیشنل ٹریننگ سنٹر، فزیو تھراپی انسٹیٹیوٹ اور دارالامان کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہیں ووکیشنل سنٹر کی کارکردگی، معذوروں کی فلاح بہبود، باعزت روزگار کی فراہمی کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی خاتون اول نے ووکیشنل سینٹر کے مختلف شعبوں کمپیوٹر گرافکس، موبائل ریپیئرنگ، فوٹوگرافی، کپڑوں کی سلائی کڑائی، ڈیزائننگ، معذوروں کے لئے قائم کردہ فزیوتھراپی سینٹر اور اس میں مصنوعی اعضاء بنانے کے شعبوں اور دارالامان میں حکومت کی جانب سے دی جانے والی تعلیم و تربیت اور معذوروں اور ناداروں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے اقدامات کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ وفاقی حکومت صوبہ بلوچستان کے معذور افراد اور یتیموں اور بیواؤں کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کیلئے تمام ممکنہ وسائل فراہم کرے گی۔ اس موقع پر خاتون اول معذور اور نادار افراد سے گھل مل گئیں اور ان کے مسائل بھی دریافت کئے۔ قبل ازیں سیکرٹری ویلفیئر عمران خان نے معزز مہمان کو ووکیشنل سینٹر پہنچنے پر خوش آمدید کہا اور اسپیشل بچوں نے گلدستے پیش کئے اس موقع پر سیکرٹری کے علاوہ ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹر، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن سوشل ویلفیئر، اسپیشل ایجوکیشن کمپلیکس کے ڈائریکٹر و دیگر آفیشلز بھی موجود تھے۔

# صدر مملکت کوئٹہ کا دورہ مکمل کرنے کے بعد اسلام آباد پہنچ گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اور خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی کوئٹہ کا دو روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد اسلام آباد پہنچ گئے۔

## نظام عدل میں نقائص اور ابہام کو دور کرنے کی ضرورت ہے، گورنر

**عدالتی کارروائی تیز کرنے کیلئے نئی اصلاحات متعارف کرانا وقت کی ضرورت ہے، ولی کاکڑ کا خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ہمارے ملک میں انصاف کی فراہمی کے نظام میں موجود نقائص اور ابہام دور کرنے کی ضرورت ہے۔ علاوہ ازیں آئین اور قانون میں وقت کے تقاضوں اور انسانی ضرورتوں کے مطابق اصلاحات بھی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ ہماری عدالتوں میں عام طور پر سستا اور فوری انصاف ملنے کے شواہد موجود نہیں ہیں اور غریب آدمی وکیل کی لاکھوں روپے کی فیس دینے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ ایک روزہ سیمینار بعنوان "عوامی حقوق کے تحفظ اور گڈ گورننس میں محتسب کا کردار" کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی تھے۔ اس موقع پر پارلیمنٹیرینز، وفاقی محتسب اعجاز قریشی، چاروں صوبوں کے محتسبین، اعلیٰ سرکاری آفیسرز، وکلاء برادری، صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کے علاوہ دیگر شعبوں سے مرد اور خواتین کی ایک بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ انہوں نے مختلف عدالتوں میں سالوں سے زیر سماعت مقدمات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انصاف میں تاخیر در اصل غریبوں کے قیمتی وقت اور پیسے کا ضیاع ہے۔ عدالتی کارروائی کو تیز کرنے کیلئے فرسودہ طریقہ کار کو تبدیل کرنا اور نئی اصلاحات متعارف کرانا وقت کی ضرورت ہے۔ گورنر بلوچستان نے اس بات کی نشاندہی کی کہ پولیس، لیویز اور انتظامیہ کی موجودگی میں زمین کے تنازعات اور قتل کے واقعات کو قبائلی جھگڑا قرار دیکر اپنی جان چھڑانا قطعی غیر موزوں اور نامناسب رویہ ہے۔ انتظامیہ، تھانوں اور عدالتوں کو جرائم کی روک تھام میں بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جنسی ہراسانی کے معاملات حساس نوعیت کے حامل ہوتے ہیں۔ ایسے واقعات جہاں کہیں بھی ہو افسوسناک ہیں تاہم جنسی ہراسانی کے معاملے کو ذاتی رنجش، دشمنی یا کسی کی کردار کشی کیلئے استعمال کرنا بھی قابل مذمت ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ انسانی حقوق کی انجمنوں سمیت عدالتوں، پولیس تھانوں اور دیگر اداروں کو مسلسل عوام کے ساتھ جڑا رہنا چاہیے اور معاشرے سے ہر قسم کے جرائم کے خاتمے کیلئے مل جل کر تعمیری اور فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ گورنر بلوچستان نے صوبائی محتسب نذر بلوچ اور اس کی پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ایک کامیاب سیمینار کے انعقاد پر مبارکباد دی۔

---

MASHRIQ QUETTA

## انصاف کی فراہمی کے نظام میں موجود نقائص دور کرنا ہونگے، عبدالولی کاکڑ

**عدالتوں میں عام طور پر سستا اور فوری انصاف ملنے کے شواہد موجود نہیں ہیں اور غریب آدمی وکیل کی لاکھوں روپے کی فیس دینے کی استطاعت نہیں رکھتا**

**پولیس، لیویز اور انتظامیہ کی موجودگی میں زمین کے تنازعات اور قتل کے واقعات کو قبائلی جھگڑا قرار دیکر اپنی جان چھڑانا قطعی نامناسب رویہ ہے**

**عدالتی کارروائی کو تیز کرنے کیلئے فرسودہ طریقہ کار کو تبدیل کرنا اور نئی اصلاحات متعارف کرانا وقت کی ضرورت ہے، گورنر کا سیمینار سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ ہمارے ملک میں انصاف کی فراہمی کے نظام میں موجود نقائص اور ابہام دور کرنے کی ضرورت ہے۔ علاوہ ازیں آئین اور قانون میں وقت کے تقاضوں اور انسانی ضرورتوں کے مطا...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر

بق اصلاحات بھی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ ہماری عدالتوں میں عام طور پر سستا اور فوری انصاف ملنے کے شواہد موجود نہیں ہیں اور غریب آدمی وکیل کی لاکھوں روپے کی فیس دینے کی استطاعت نہیں رکھتا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ ایک روزہ سیمینار بعنوان "عوامی حقوق کے تحفظ اور گڈ گورننس میں محتسب کا کردار" کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 01 JUN 2023 Page No: 3

# Governor stresses reforms for swift delivery of justice

## Says removing deficiencies in justice system need of the hour

**Staff Report**

**QUETTA**: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar has said that there is a need to remove the defects and ambiguities in the justice delivery system in our country. Apart from this, reforms should also be made in the constitution and law according to the requirements of the time and human needs. He expressed his concern that there is no evidence of getting cheap and quick justice in our courts and the poor man cannot afford the lawyer's fee of lakhs of rupees. He expressed these views while addressing the participants of a one-day seminar titled "Protection of public rights and role of ombudsman in good governance" held at Governor House Quetta. President of Pakistan Dr. Arif Alvi was the chief guest of the seminar.

On this occasion, Parliamentarians, Federal Ombudsman Ejaz Qureshi, Ombudsman of the four provinces, senior government officers, lawyers community, people associated with industry and trade, besides a large number of men and women from other fields were also present. Referring to the cases pending in different courts for years, he said that delay in justice is actually a waste of precious time and money of the poor. Changing outdated procedures and introducing new reforms to speed up judicial proceedings is the need of the hour.

The governor of Balochistan pointed out that in the presence of police, levies and administration, it is absolutely inappropriate and inappropriate behavior to call land disputes and killings as tribal disputes. Administration, police stations and courts have to play a full role in crime prevention. He said that cases of sexual harassment are of a sensitive nature. Such incidents are sad wherever they happen, however, using the issue of sexual harassment for personal gain, enmity or character assassination is also condemnable.

Governor Balochistan said that courts, police stations and other institutions including human rights associations should be continuously connected with the people and should play a constructive and active role to eradicate all kinds of crimes from the society. Governor Balochistan congratulated provincial ombudsman Nazar Baloch and his entire team for organizing a successful seminar. Today, a poor man cannot afford to pay a lawyer's fee of lakhs of rupees. Governor Balochistan said that in the presence of police, Levies and administration, it is absolutely inappropriate and inappropriate behavior to call land disputes and killings as tribal disputes and save your life.

## کوئٹہ انٹرنیشنل ائرپورٹ اپ گریڈیشن مکمل، پروازوں کیلئے کھولدیا گیا

### 5ارب کا پراجیکٹ مکمل، ملکی وغیر ملکی پروازیں رات میں بھی لینڈ و ٹیک آف کرسکیں گی

### ایران، افغانستان کی بزنس کمیونٹی اور سیاحوں کو فائدہ پہنچے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان

اسلام آباد (رپورٹ: حنیف خالد) ملک کے دوسرے صوبائی دارالحکومتوں کے ساتھ بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کا انٹرنیشنل ائرپورٹ دن رات پروازوں کیلئے کھلا رہا کریگا جبکہ کئی سال سے کوئٹہ انٹرنیشنل ائرپورٹ رات کی پروازوں کیلئے کم و بیش بند رہا کرتا تھا۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی نے کوئٹہ انٹرنیشنل ائرپورٹ میں رن وے (31L/31R) کی اپ گریڈیشن مکمل کرکے اسے 31 مئی 2023ء سے کمرشل و کارگو پروازوں کیلئے کھول دیا ہے 5ارب کا پراجیکٹ مکمل ہوگیا ملکی و غیر ملکی پروازیں رات میں بھی لینڈ و ٹیک آف کر سکیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ایران، افغانستان کی بزنس کمیونٹی اور سیاحوں کو فائدہ پہنچے گا مین رن وے پر پہلی پرواز بدھ کی صبح 6بجکر 10منٹ پر لینڈ ہوئی۔ نئے رن وے پر اترنے والی پہلی پرواز پی کے 325 (اسلام آباد کوئٹہ) تھی۔ ائرپورٹ منیجر اور پراجیکٹ ڈائریکٹر لینڈنگ ائرپورٹ پر اترنے والی پرواز کے استقبال کیلئے موجود تھے۔ کوئٹہ انٹرنیشنل ائرپورٹ پر خلیجی ریاستوں سعودی عرب سے براہ راست پروازیں دن رات آجاسکیں گی اور سعودی عرب سے حاجیوں کو واپس لانے والی پروازیں بھی جدہ، ریاض سے ڈائریکٹ کوئٹہ ائرپورٹ پر اترسکیں گی۔ حجاج کرام کو وطن واپسی پر کراچی اور دوسرے ہوائی اڈوں پر اترنے کے بعد بسوں وغیرہ کے ذریعے کوئٹہ آنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ اپ گریڈڈ رن وے پر اترنے کے بعد پی آئی اے کی پرواز پی کے 325 کے ہواباز، معاون ہواباز، نیوی گیشن انجینئرز نے ائرپورٹ منیجر سے ملاقات کی۔ قومی ائرلائن کے پائلٹوں نے ملاقات میں ائرپورٹ منیجر کو پانچ ارب روپے کی لاگت سے نئے اسٹیٹ آف دی آرٹ رن وے اکتیس ایل، اکتیس آر کی تکمیل پر مبارکباد دی اور کہا کہ آج سوا چھ بجے ہم نے ایک ہموار اور خوبصورت لینڈنگ کا لطف اٹھایا۔ رن وے پر نصب کا پی لائنس شاندار ہیں۔ اپ گریڈیشن پر رن وے جدید ترین ائرفیلڈ لائٹنگ سسٹم سے لیس ہے۔ ایکو کوڈ 4e طیارے جیسے بوئنگ 777 کے مساوی وسیع الجسامت طیارے دن رات کوئٹہ رن وے کو استعمال کیا کرینگے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ انٹرنیشنل ائرپورٹ کے مین رن وے کی اپ گریڈیشن اور اسے رات کو بھی جہازوں کے ٹیک آف اور لینڈنگ کے انتظامات کو بلوچستان کے عوام کیلئے تحفہ قرار دیا۔ انہوں نے ائرپورٹ منیجر، پراجیکٹ ڈائریکٹر کی کارکردگی کی تعریف کی۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اپنے جغرافیائی محل وقوع کے حوالے سے بقول وزیراعلیٰ اہم شہر ہے۔ ایران اور افغانستان کے قریب واقع ہونے کی وجہ سے کوئٹہ ائرپورٹ کی اہم تجارتی اہمیت ہے۔ دن رات بڑے جہازوں کی لینڈنگ کی سہولت سے صوبے میں تجارتی و سیاحتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے عوام کو منصوبے کی تکمیل سے اسٹیٹ آف دی آرٹ رن وے ایپرن اور ٹیکسی ایریا میں وسعت سے بہترین سہولتیں ملیں گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پی آئی اے سمیت دیگر فضائی کمپنیاں بھی کوئٹہ سے اپنی پروازوں میں اضافہ کریں گی۔

## ہیلتھ کارڈ کے اجراء کا معاہدہ، 18لاکھ خاندان مستفید ہونگے، قدوس بزنجو

### منصوبوں کی تکمیل پر یقین رکھتے ہیں، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ کا ٹویٹ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہیلتھ کارڈ کے اجراء کے حوالے سے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور ہیلتھ کارڈ اتھارٹی کے درمیان ہونے والے معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے اپنے ایک ٹویٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے، انہی بنیادی سہولیات سے متعلق اعلانات کے بجائے متعلقہ منصوبوں کی تکمیل پر یقین رکھتے ہیں ہیلتھ کارڈ سماجی تحفظ کا ایک انتہائی اہم پروگرام ہے جس کے تحت بلوچستان کے 18لاکھ خاندان 10لاکھ تک کی مفت علاج کی سہولیات سے مستفید ہونگے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ ایئرپورٹ کی اپ گریڈیشن مکمل، آج بوئنگ طیارے بھی دن رات لینڈ کرسکیں گے

### وزیراعلیٰ کی مبارکباد

### مین رن وے پر پہلی پرواز پی کے 325 صبح 6بجکر 20منٹ پر اتری ائرپورٹ منیجر ملک مظہر اور پراجیکٹ ڈائریکٹر لینڈنگ کے موقع پر موجود تھے

### کوئٹہ اپنے جغرافیائی محل وقوع کے حوالے سے اہم شہر، ایران اور افغانستان کے قریب واقع ہونے سے کوئٹہ کی اہم تجارتی اہمیت ہے، عبدالقدوس بزنجو

### بڑے جہازوں کی لینڈنگ کی سہولت سے صوبے میں تجارتی اور سیاحتی سرگرمیوں میں اضافہ اور عوام کو منصوبے کی تکمیل سے فضائی سفر کی بہتر سہولتیں ملیں گی

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ مین رن وے (31R/13L) کی اپ گریڈیشن مکمل اور آپریشنل کردیا گیا مین رن وے پر پہلی پرواز پی کے 325 (اسلام آباد۔کوئٹہ) صبح 6بجکر 20منٹ پر اتری ائرپورٹ منیجر ملک مظہر اور پراجیکٹ ڈائریکٹر لینڈ......

بقیہ 4صفحہ نمبر 9پر

نگ کے موقع پر موجود تھے اپ گریڈڈ رن وے پر اترنے کے بعد جہاز کے پائلٹس نے ائرپورٹ منیجر سے ملاقات کی پائلٹس نے ملاقات میں ائرپورٹ منیجر کو پراجیکٹ مکمل ہونے پر مبارکباد دی اور کہا کہ انہوں نے ایک ہموار اور خوبصورت لینڈنگ کا لطف اٹھایا رن وے پر نصب پاپی لائٹس شاندار ہیں واضح رہے کہ اپ گریڈیشن پر پانچ ارب روپے لاگت آئی اور رن وے جدید ترین ائرفیلڈ لائٹنگ سسٹم سے لیس ہیا کیو کوڈ 4ای طیارے جیسے بوئنگ 777 اور اس کے مساوی جہاز ہر قسم کے موسم (دن/رات) میں اترسکیں گے

## عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری حکومت کی اولین ترجیح، وزیراعلیٰ

### سہولیات سے متعلق اعلانات کے بجائے متعلقہ منصوبوں کی تکمیل پر یقین رکھتے ہیں

### وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو ہیلتھ کارڈ کے اجراء کے حوالے سے معاہدے کا خیر مقدم

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہیلتھ کارڈ کے اجراء کے حوالے سے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور ہیلتھ کارڈ اتھارٹی کے......

بقیہ 30صفحہ نمبر 9پر

درمیان ہونے والے معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے اپنے ایک ٹویٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے انہی بنیادی سہولیات سے متعلق اعلانات کے بجائے متعلقہ منصوبوں کی تکمیل پر یقین رکھتے ہیں ہیلتھ کارڈ سماجی تحفظ کا ایک انتہائی اہم پروگرام ہے جس کے تحت بلوچستان کے 18لاکھ خاندان 10لاکھ تک کی مفت علاج کی سہولیات سے مستفید ہونگے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1

DATE: 01 JUN 2023 Page No: 7

92 نیوز کوئٹہ

## آئندہ قومی وصوبائی دونوں حلقوں سے الیکشن لڑوں گا، مٹھا خان

**ژوب، قلعہ سیف اللہ اور شیرانی کے عوام کیلئے مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے**

**کروڑوں روپے کے فنڈز لایا، گزشتہ ادوار میں صرف کرپشن ہوتی رہی**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ژوب کی عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا اس پر پورا اترا، آئندہ انتخابات میں قومی اور صوبائی دونوں حلقوں پر لڑوں گا 86 کروڑ روپے کے مختلف ترقیاتی منصوبے ژوب میں جاری ہے، پینے کا صاف پانی، کھیلوں کے میدان، سڑکیں وغیرہ شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

انٹرویو میں کیا۔ مٹھا خان کاکڑ نے کہا کہ آئندہ انتخابات صوبائی اور قومی نشستوں پر لڑوں گا ژوب، شیرانی، قلعہ سیف اللہ کے عوام نے یقین دہانی کرائی ہے ژوب کے عوام نے مجھے منتخب کیا ہے پانچ سال اپنے عوام خدمت کروں گا نہ کہ پچھلے ادوار کے وزراء کے خلاف باتیں کروں اگر میں ژوب کی عوام کی امیدوں پر پورا نہیں اترا تو میں آنے والے الیکشن ہار جاں گا ہمیں یاد ہے کہ ژوب میں ایک تختی نواز شریف نے لگائی تھی انہوں نے اس منصوبے کو سی پیک روڈ کہا تھا آج کہاں ہے سی پیک روڈ وہ تو ایشین بینک کے فنڈز سے یہ روڈ بنا ہے لوگ کریڈیٹ لینے میں مصروف ہیں آج میں نے وفاقی حکومت سے پانچ منصوبے منظور کرائے ہیں جو کوئٹہ، کچلاک سے لیکر ژوب تک کام بھی جاری ہے یہ میری حکومت میں کام ہوا ہے یہ وفاقی منصوبوں کا بجٹ عمران خان اور جام کمال کے دور حکومت میں ملا تھا میں نے آج تک کوئی سائن بورڈ بھی نہیں لگایا۔ مجھے جعفر خان مندوخیل دکھائیں کہ

کہاں ایک فٹ گلی بنائی ہے ان کے دور میں کرپشن کے علاوہ اور کچھ نہیں ہوا ہے ژوب کیلئے 28 کروڑ روپے فنڈز لایا ہے جو ژوب کی عوام کی بنیادی ضروریات پر خرچ ہونگے 50 کروڑ روپے خطیر فنڈز سے ژوب کے مختلف علاقوں میں کام جاری ہے، ژوب کا بڑا مسئلہ پینے کا صاف پانی تھا اس مسئلے کو بھی حل کردیا ہے ہم نے ژوب کے نوجوانوں کیلئے 8 کروڑ روپے منظور کروائے ہیں ژوب میں مختلف گراؤنڈز اور کھیلوں پر خرچ ہونگے اسی لئے بلوچستان عوامی پارٹی میں لوگ جوق در جوق شمولیت کررہے ہیں۔

## غیر ملکی شہری سزا پوری ہونے پر کوئٹہ جیل سے گڈانی منتقل

**خاتون اور اسکا کم عمر بیٹا بھی شامل، فیڈرل ریویو بورڈ کی ضروری کارروائی کے بعد متعلقہ قونصل خانے کے حوالے کیا جائے گا**

**بھارتی شہری وحیدہ بیگم اسکے بیٹے، فیض خان اور شاہ جہاں کو بھارتی قونصل خانے تک رسائی دی جائے گی، ڈاکٹر ربابہ بلیدی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سینٹرل جیل کوئٹہ میں زیر حراست فارن ایکٹ کے تحت سزائیں پوری کرنے والے 3 غیر ملکی قیدیوں کو متعلقہ ملک کے قونصلیٹ تک رسائی دینے کے لئے کوئٹہ سے گڈانی سینٹرل جیل منتقل کردیا گیا، فیڈرل ریویو بورڈ کی ضروری کارروائی کی تکمیل کے بعد متعلقہ قونصل خانے کے حکام کے حوالے کیا جائے گا، قیدیوں میں ایک خاتون اور اس کا کم عمر بیٹا بھی شامل ہے، بھارتی شہر آسام کی رہائشی 38 سالہ وحیدہ بیگم دختر یونس علی کو ایف آئی اے حکام نے پاک سرحدی علاقے سے اس وقت گرفتار کیا تھا جب وہ پاکستان آمد سے متعلق کوئی مصدقہ قانونی دستاویزات پیش کرنے سے قاصر رہی تھی، خاتون کے ہمراہ 11 سالہ بیٹا بھی تھا، پارلیمانی سیکریٹری قانون و پارلیمانی امور بلوچستان ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے بتایا ہے کہ ایف آئی اے کی جانب سے فارن ایکٹ کے دفعہ 3/14 کے تحت درج ایف آئی آر نمبر 33/2022 میں ملزمہ کو جرمانہ اور سزا ہوئی جو اس نے پوری کرلی، جیل ایس او پیز کے تحت کوئٹہ سینٹرل جیل سے فارن ڈراپ پوائنٹ گڈانی جیل تک پہنچانے کے لئے سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات درکار تھے، وسائل کی کمی کا سامنا تھا تاہم کمشنر کوئٹہ ڈویژن کے تعاون سے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ملک شجاع الدین کاسی نے کارروائی مکمل کی، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ نے پولیس کی خصوصی سیکیورٹی میں خاتون قیدی وحیدہ بیگم اس کے بیٹے اور دیگر 2 بھارتی قیدیوں فیض خان اور شاہ جہاں کو سینٹرل جیل کوئٹہ سے فارن ڈراپ پوائنٹ گڈانی جیل منتقل کردیا جہاں قیدیوں کو بھارتی قونصل خانے کے حکام تک رسائی دی جائے گی، ان کے ملک بھجوانے کے لئے فیڈرل ریویو بورڈ کی ضروری کارروائی شروع ہوگی، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خاتون قیدی اور بچے سمیت 3 بھارتی قیدیوں کی رہائی اور وطن واپسی کے لئے ضابطے اور رائج طریقہ کار کے مطابق ڈراپ پوائنٹ گڈانی جیل منتقل کرنا ضروری تھا، منتقلی میں تاخیر سیکیورٹی کی عدم دستیابی کے باعث ہوئی، جیل حکام اور کمشنر کوئٹہ کے تعاون سے تینوں بھارتی قیدیوں کو گڈانی جیل منتقل کردیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 2 DATE: 01 JUN 2023 Page No: 10


کمانڈنٹ ایف سی لورالائی

# تعلیم شعور کا نام، بہتری کیلئے ہر ممکن کردار ادا کریں گے

تعلیم کی بدولت کامیابی ممکن، علاقے کے عوام اور معتبرین بھی کردار ادا کریں، کرنل تیمور جاوید، ریزیڈنشل کالج لورالائی کا دورہ

پہلے بیچ کا ڈگری پروگرام مکمل ہونے پر کالج میں نائٹ میوزیکل پروگرام، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے گلوکاروں نے حصہ لیا

لورالائی (خ ن) لورالائی کمانڈنٹ ایف سی کرنل تیمور جاوید نے کہا ہے کہ تعلیم شعور کا نام ہے، تعلیم کی بدولت ہی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، ایف سی بلوچستان امن وامان کے ساتھ ساتھ تعلیم میں ہر ممکن کردار ادا کرے گی، علاقے کے عوام اور معتبرین بھی کردار ادا کریں، یہ بات انہوں نے بلوچستان ریزیڈنشل کالج لورالائی کے دورے کے دوران کہی۔ قبل ازیں پرنسپل بلوچستان ریزیڈنشل کالج لورالائی پروفیسر ڈاکٹر عبدالصمد اچکزئی، وائس پرنسپل منصور احمد، پروفیسر فاروق احمد بازئی و دیگر افسران اور اکیڈمک اسٹاف نے ان کا استقبال کیا، بلوچستان ریزیڈنشل کالج لورالائی میں پہلے بیچ کی جانب سے ڈگری مکمل کرنے پر ایف سی بلوچستان کی جانب سے نائٹ میوزیکل پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے گلوکاروں نے حصہ لیا، ایجوکیشن آفیسر ایف سی حمید اللہ بلوچ، اکاؤنٹ آفیسر ایف سی اور علاقے کے اہم قبائلی عمائدین کی بڑی تعداد، طلبا کے والدین اور فیملیز بھی موجود تھی، پرنسپل بی آر سی ڈاکٹر عبدالصمد اچکزئی نے کمانڈنٹ لورالائی اسکاؤٹس کرنل تیمور جاوید کو بی آر سی کالج لورالائی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی، لورالائی کمانڈنٹ ایف سی کرنل تیمور جاوید کا مزید کہنا تھا کہ بہت خوشی کی بات ہے کہ بی آر سی لورالائی سے کثیر تعداد میں طلبا نے کامیابی حاصل کی ہے جو خوش آئند ہے، ایف سی بلوچستان طلبا کے لئے اسکالرشپ کے ذریعے تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، بلوچستان تعلیم کی کمی کی وجہ سے بہت سے مسائل کا شکار ہے، تعلیم پر توجہ دیں تو بین الاقوامی دنیا کا مقابلہ کر سکتے ہیں، اس موقع پر پرنسپل بی آر سی لورالائی نے مہمان خصوصی کمانڈنٹ ایف سی کرنل تیمور جاوید کو روایتی پگڑی پہنائی، مہمان خصوصی کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 DATE: 01 JUN 2023 Page No: 13


## کوئٹہ، سگریٹ نہ ہونے پر گاہک نے دکان دار کو فائرنگ کرکے ہلاک کردیا

**واقعہ سریاب روڈ پر پیش آیا، عارف گلی کا رہائشی نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے جاں بحق**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ پر فائرنگ کے دو واقعات میں دو نوجوان جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گوہر آباد کا رہائشی نوجوان عبدالرحمن ولد عبداللہ منگل اور بدھ کی درمیانی شب اپنی دکان واقعہ سریاب روڈ پر بیٹھا تھا کہ ایک گاڑی میں سوار نامعلوم افراد اس کی دکان پر آئے اور سگریٹ مانگی دکاندار نے بتایا کہ سگریٹ نہیں ہے جس پر نامعلوم افراد عبدالرحمان کے سر میں تین گولیاں مار کر فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمی کو ہسپتال پہنچایا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا جبکہ گزشتہ روز عارف گلی میں سریاب کا رہائشی محبوب علی پیدل جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں پولیس نے بتایا کہ دکان پر فائرنگ کے حوالے سے سی سی ٹی وی کیمروں کا ریکارڈ حاصل کر لیا گیا ہے جبکہ عارف گلی میں پیش آنے والا واقعہ رنجش کا نتیجہ ہے۔

## ڈیرہ مراد، اوستہ محمد، جھل مگسی: مختلف واقعات میں خاتون سمیت 3 افراد ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی اوستہ محمد اور جھل مگسی میں دو مختلف واقعات میں خاتون سمیت تین افراد کو قتل کر دیا جبکہ فائرنگ سے ایک عورت شدید زخمی ہو گئی، ڈیرہ مراد جمالی میں پرانی دشمنی کی بنا پر ایک شخص کو قتل کر دیا گیا جبکہ اوستہ محمد میں شوہر نے غیرت کے نام پر ایک شخص کو ہلاک اور بیوی کو شدید زخمی کر دیا جھل مگسی میں پرانی دشمنی کی بنا پر مسلح افراد کی فائرنگ سے گھر کے سربراہ کی بیوی ہلاک ہو گئی۔ واقعے کے بعد پولیس و لیویز نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی، پولیس کے مطابق مال منڈی کے مقام پر پرانی دشمنی کی بنا پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص اللہ بخش کو ہلاک کر دیا جبکہ دوسرے واقعے میں اوستہ محمد میں پولیس تھانہ کی حدود میں گوٹھ رضا کے مقام پر زاہد نے اپنے ساتھی سلیم کے ہمراہ مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں فائرنگ کر کے ایک شخص داد محمد اور اپنی بیوی مسمات ن کو ہلاک کر دیا جبکہ اس کی بیوی خوش قسمتی سے زخمی حالت میں بچ گئی جس کو طبی امداد کے سندھ میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ایک اور واقعہ میں جھل مگسی کے گوٹھ میں پرانی دشمنی کی بنا پر مسلح افراد نے محمد حسن کے گھر میں فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں گھر کے سربراہ کی بیوی مسمات م موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی۔ لیویز اور پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دیں۔

## کوئٹہ: مختلف کارروائیوں میں 7 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں چرس برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں چرس قبضے میں لے لی پولیس کے مطابق خروٹ آباد پولیس نے دوران گشت منشیات فروش رواز محمد کو گرفتار کر کے 3 کلو چرس قبضے میں لے لی بجلی گھر پولیس نے 2 مفرور ملزمان غلام شاہ اور محمد بخش کو سی آئی اے پولیس نے مفرور ملزم احسان کو ائیر پورٹ پولیس نے ایوب اور سٹیلائیٹ ٹاؤن پولیس نے محبوب اور عبدالمنان کو گرفتار کر لیا ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن کا کہنا ہے کہ پولیس مفرور مطلوب ملزمان سمیت جرائم پیشہ عناصر منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کارروائیاں کر رہی ہے۔

## بیلہ سے منشیات فروش سمیت 2 افراد گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) بیلہ پولیس نے درگاہ پہلوان شاہ کے قریب پانچ سو ساٹھ گرام چرس برآمد ہونے پر محمد امین کو گرفتار کر لیا اور ہیں اثناء پولیس نے چوری کے مقدمے میں مطلوب ملزم ذکریا کو تین سال بعد ڈرامائی انداز میں گرفتار کر لیا۔

## قلعہ عبداللہ میں زمین کے تنازع پر فائرنگ ایک شخص ہلاک دو زخمی

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ کے قریب کلی ابراہیم زئی میدان میں زمین کے تنازع پر دو گروہوں میں فائرنگ کے نتیجے میں سید جمال الدین آغا نامی شخص جاں بحق جبکہ بسم اللہ اور محمد اسلم شدید زخمی ہو گئے واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہو گئے۔

## جھل مگسی: خاتون کو فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا گیا

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی میں خاتون کو سیاہ کاری کے شبے میں فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جھل مگسی میں خاتون مریم بی بی زوجہ محمد حسن کو اپنے ہی رشتہ داروں نے سیاہ کاری کے الزام میں فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا اور فرار ہو گئے۔ ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر واقع عارف گلی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے محبوب جاں بحق ہو گیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 DATE: 01 JUN 2022 Page No: 14


## کوئٹہ میں مرغی کا گوشت 2 امریکی ڈالر سے بھی مہنگا، فی کلو 620 میں فروخت

فی کلو مرغی کا گوشت 620 زندہ مرغی فی کلو 520 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے، کلیجی فی کلو 600 روپے میں فروخت کی جارہی ہے

زندہ دیسی مرغی 1000 روپے فی کلو فروخت، فارمی انڈے 280 روپے، دیسی انڈے فی درجن 380 روپے فروخت ہورہے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت میں پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ برقرار ہے جبکہ کوئٹہ میں مرغی کا گوشت 2 امریکی ڈالر سے بھی زیادہ فی کلو میں فروخت ہو رہا ہے پاکستان میں اس وقت امریکی فی ڈالر کا ریٹ 282 روپے چل رہا ہے مارکیٹ ذرائع کے مطابق فی کلو مرغی کا گوشت 620 زندہ مرغی فی کلو 520 روپے میں فروخت کیا جارہا ہیں جبکہ انڈے فی درجن 280 روپے دیسی انڈے 380 روپے کلیجی فی کلو 600 روپے اور زندہ دیسی مرغی 1000 روپے زندہ فی کلو تک فروخت کی جارہی ہے شہریوں کا......... 

بقیہ نمبر 59 صفحہ 9 پر

کہنا ہے کہ کوئٹہ شہر میں میں ایک مرغی کم از کم دو کلو کی مل رہی ہے اس طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مرغی کے گوشت کا ریٹ آسمان کو چھونے لگ گیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## نجمہ بلوچ کو خودکشی پر مجبور کیا گیا، ذمہ داران کو پھانسی دی جائے، والدین

وزیراعلیٰ قدوس بزنجو ذاتی طور پر مسئلے میں کردار ادا کریں، پھانسی سے کم سزا پر ہمارے دل کو چین نہیں ملے گا

نجمہ پورے بلوچستان کے بلوچوں کی بہن تھی، قتل پر ہر آنکھ اشکبار ہے، نور بخش کو گرفتار کرکے انصاف کے تقاضے پورے کئے جائیں، پریس کانفرنس

تربت (نمائندہ انتخاب) آواران کیشکور سے ہراسانی کے بعد خودکشی کرنے والی نجمہ بلوچ کے والدین نے تربت میں تربت سول سوسائٹی اور آل پارٹیز کیچ کے ہمراہ تربت پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے نجمہ بلوچ کے مبینہ قاتلوں کی فوری گرفتاری اور انہیں سخت سزا دے کر انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، بدھ کو تربت پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نجمہ بلوچ کے والد دلمراد (المعروف دلسرد)، ان کی والدہ مہرنگ، تربت سول سوسائٹی کے کنوینر گلزار دوست اور آل پارٹیز کیچ کے کنوینر غلام یاسین نے دیگر سیاسی 

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

رہنماؤں کے ہمراہ یہ مطالبہ کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان ذاتی طور پر اس مسئلے میں کردار ادا کرکے لیویز اہلکار نور بخش جنہوں نے نجمہ بلوچ کو ہراساں کرکے اسے خودکشی پر مجبور کیا ہے، ساتھیوں سمیت گرفتار کرکے پھانسی کے تختے پر لٹکائیں، پھانسی سے کم سزا پر ہمارے دل کو چین نہیں ملے گا، دلمراد بلوچ نے کہا کہ وزیراعلیٰ قدوس بزنجو ایک بلوچ ہیں وہ نجمہ بلوچ کے حوالے سے خاموش رہنے کے بجائے انصاف فراہمی کے لیے کردار ادا کریں، انہوں نے کہا کہ نجمہ بلوچ کو لیویز اہلکار سرکاری اداروں کا نام لے کر مسلسل ہراساں کررہا تھا، نجمہ نے اس حوالے سے والدین کو آگاہ کیا، دلمراد کے مطابق ایک بار میں نے لیویز اہلکار نور بخش کو بلا کر سمجھایا اس نے قسم اٹھا کر آئندہ ایسی حرکتوں سے توبہ کرلی تاہم بعد ایک واٹس میں وہ اپنے دوستوں کو یہ کہتے سنا جا سکتا ہے کہ دلمراد کو فریب دے کر ہمدردی کا مجھانسہ دیا، نجمہ کو جرید تنگ کریں، انہوں نے کہا کہ نجمہ کو محنت مزدوری اور سخت مشقت اٹھا کر میں نے انٹر تک تعلیم دلائی، اپنی قوم کی بدبختی دیکھ کر نجمہ بلوچ نے کیشکور میں بچوں کو اپنی مدد آپ کے تحت پڑھانے کا آغاز کیا اور اپنے خرچ پر ایک محلہ نیبر ہڈ اسکول سے اس کا افتتاح کیا، اس اسکول میں کم و بیش 300 بچے پڑھ رہے تھے جنہیں نجمہ ذاتی خرچ پر تمام تدریسی مواد دیتی تھی، انہوں نے کہا کہ نجمہ کا قتل پورے کیشکور اور آواران کا قتل ہے، نجمہ پورے بلوچستان کے بلوچوں کی بہن تھی، آج پورا بلوچستان اس کے قتل پر افسردہ ہے اور اشکبار ہے، اگر نجمہ بلوچ کا کوئی بھائی اس کے قتل کا حساب لے گا تو کیشکور اس پہ خوش رہے گا، انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، وزیراعظم پاکستان، چیف جسٹس آف پاکستان اور آرمی چیف سے انصاف فراہمی کا مطالبہ کیا ہے، پریس کانفرنس میں نجمہ بلوچ کی والدہ، تربت سول سوسائٹی کے کنوینر گلزار دوست اور آل پارٹیز کیچ کے کنوینر غلام یاسین بلوچ نے کہا کہ ایک لیویز اہلکار میں اتنی جرات نہیں ہوگی کہ وہ عام شہری کو تنگ یا ہراساں کرکے اس کی تنگ دے کہ وہ خودکشی کرے اس کے پیچھے ضرور کوئی طاقت ہے جیسا کہ وہ لیویز اہلکار نور بخش اپنے واٹس میں کہہ رہا ہے

## گوادر میں چوری، ڈکیتی و جرائم کی شرح میں اضافہ

راہزنی کی دلیرانہ وارداتوں کے باعث عوام عدم تحفظ کا شکار، انتظامیہ سے تدارک کا مطالبہ

گوادر (این این آئی) گوادر میں چوری، ڈکیتی و جرائم کی شرح میں اضافہ، راہزنی کی دلیرانہ وارداتوں کے باعث عوام عدم تحفظ کا شکار، چور مقامی ملازم 

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

کو ڈاؤن کرکے گھر لوٹ لے گئے، ضلعی پولیس و انتظامیہ چوروں کے آگے بے بس، شہر میں عدم تحفظ کی فضا قائم، شہریوں میں بے چینی پھیل گئی، شہریوں کا بالا حکام سے شہر میں جرائم پیشہ افراد کی بیخ کنی کرنے اور انہیں فوری تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کا ساحلی شہر گوادر جو کہ پورٹ سٹی گوادر کو تجارتی اعتبار سے نمایاں حیثیت حاصل ہے مگر رواں مہینہ ضلع گوادر پر بہت بھاری ثابت ہوا شہر کے مختلف علاقوں میں چوری، ڈکیتی راہزنی کی دلیرانہ وارداتوں کے باعث عوام عدم تحفظ کا شکار ہو گئے۔ ضلع گوادر میں رواں مہینے چوری، ڈکیتی اور راہزنی کے وارداتوں میں ریکارڈ اضافہ ریکارڈ ہو چکا ہے مگر اب تک مقامی پولیس چوروں کو قابو کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے، بے بسی والا چارگی کے عالم میں کہیں نظر کی ئی تو کہیں عدم وسائل کا رونا رو کر عوام کو صبر کرنے کی تلقین کرتی نظر آتی ہے۔ شہریوں کے مطابق شہر میں امن و امان برقرار رکھنا پولیس کے بنیادی فرائض میں شامل ہے لیکن یہاں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پولیس افسران و دیگر زمہ داران اپنی ذمہ داری سے غفلت کے مرتکب ہو رہے ہیں

اداریے، مضامین

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6    DATE: 01 JUN 2023    Page No: 16

## بلوچستان پرامن اور محفوظ صوبہ ہے

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے نوجوانوں پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کھیل کو اپنی زندگی کا حصہ بنا کر اپنے اندر اتحاد و اتفاق پیدا کر
جس قوم نے اتحاد کا مظاہرہ کیا اس کی ترقی کوئی نہیں روک سکتا، 34ویں نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد سے دنیا کو واضح پیغام گیا ہے کہ بلوچ
ایک پر امن اور محفوظ صوبہ ہے ہمیں اپنے وطن پاکستان اور بلوچستان پر پورا یقین ہے اس کی تعمیر و ترقی ہم سب کی قومی ذمہ
ہے۔ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ، صوبائی وزراء میٹھا خان کاکڑ، عبدالخالق ہزارہ، میر اکبر آسکانی، بشریٰ رند، ماہ جبین شیران، چیف سیکر
عبدالعزیز عقیلی، آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ، سیکرٹری کھیل اسحاق جمالی، ڈی جی سپورٹس درا بلوچ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن کیپٹن
بلوچ، راحیلہ درانی و دیگر بھی موجود تھے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ وہ کھیل کو اپنی زندگی کا حصہ بنا کر اپنے اندر اتحاد و اتفاق
کرے، جس قوم نے اتحاد کا مظاہرہ کیا اس کی ترقی کوئی نہیں روک سکتا، 34ویں نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد سے دنیا کو واضح پیغام گیا۔
بلوچستان ایک پر امن اور محفوظ صوبہ ہے ہمیں اپنے وطن پاکستان اور بلوچستان پر پورا یقین ہے اس کی تعمیر و ترقی ہم سب کی قومی ذمہ داری
منظم آرگنائزنگ، منظم انداز میں 19 سال بعد قومی گیمز کا انعقاد کیا گیا جو اس بات کی عکاسی ہے، بلوچستان ایک پر امن صوبہ ہے ملک
جہاں کھیلوں و پروگرامز کا انعقاد ممکن ہے تو یہاں بھی ممکن ہے، اس بات کی بھی خوشی ہے کہ قائد اعظم محمد علی جناح نے خود اپنے پیسے خرچ کر
ٹرافی عنایت کی تھی وہ آج تک موجود ہیں 1948ء کی ٹرافی جیتنے والے ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، قائد اعظم محمد علی جناح اور فاطمہ جناح
شوق سے بچوں، لڑکیوں کے ساتھ اور لڑکوں کو توجہ دیتے تھے، قائد اعظم نے بوائز سکاؤٹس اور فاطمہ جناح نے گرلز سکاؤٹس کی داغ بیل
اس نیت سے ڈالی کہ بچوں کے اندر آرگنائزنگ سکلز، محبت اور صحت مندانہ مقابلے منعقد ہوں، بلوچستان کے اندر گیمز کا انعقاد کر کے د
جو پیغام دیا گیا وہ قابل تحسین ہے ہمیں اپنے وطن پاکستان اور بلوچستان پر پورا یقین ہے اس کی تعمیر و ترقی ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے۔
منظم آرگنائزنگ و منظم انداز میں 19 سال بعد قومی گیمز کا انعقاد کیا گیا جو اس بات کی عکاسی ہے، بلوچستان ایک پر امن صوبہ ہے ملک
جہاں کھیلوں و پروگرامز کا انعقاد ممکن ہے تو یہاں بھی ممکن ہے، اس بات کی بھی خوشی ہے کہ قائد اعظم محمد علی جناح نے خود اپنے پیسے خرچ کر
ٹرافی عنایت کی تھی وہ آج تک موجود ہیں 1948ء کی ٹرافی جیتنے والے ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، بلوچستان ایک محفوظ اور پر امن صوبہ
موجودہ حکومت اور ساری حکومتیں یہاں کوشش کرتی رہی ہے کہ یہاں کی زرخیز علاقہ، سمندر، معدنیات سب کو بہتر انداز میں استعمال کر
بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے، کھیلوں کے انعقاد کے پانچ فوائد ہیں جس میں بچوں کی انسانی نشوونما، ہار جیت کو سمجھنا، جیتنے وا
کو مبارکباد، ہارنے والا پھر جیتنے کی کوشش کرے، ٹیم ورک، اور کھیلوں کے ذریعے بہتر اخلاق بنانے کی تربیت فراہم کی جا سکتی ہے، بچے گلی
میں کرکٹ، فٹ بال سمیت گیم کھیلا کرتے ہیں پھر سکولوں، کالجز، یونیورسٹیوں اور ڈیپارٹمنٹ کی سطح پر مقابلے منعقد ہوتے ہیں کبڈی
متعلق دنیا جان گئی ہے کہ یہ ایک کھیل ہے قائد اعظم محمد علی جناح نے خود اپنے پیسے خرچ کر کے ٹرافی عنایت کی تھی وہ آج تک موجو
1948ء کی ٹرافی جیتنے والے ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، بلوچستان ایک محفوظ اور پر امن صوبہ ہے موجودہ حکومت اور ساری حکومتیں
کوشش کرتی رہی ہے کہ یہاں کی زرخیز علاقہ، سمندر، معدنیات سب کو بہتر انداز میں استعمال کر کے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا ج
بلوچستان کے اندر ایک کامیاب انداز سے قومی گیمز کا انعقاد کیا گیا، کھیل ورزش اور ایکسرسائز زندگی کے معاملات میں ہونا چاہیے، انہوں
کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کی تعمیر نوجوانوں کے ذمے ہے، اگر کوئی پالیسی صحیح نہ ہو تو آج کے دن کو کل کے اچھے کیلئے کام کرے، اتحاد کے
کوئی بھی ملک ترقی نہیں کر سکتا، ہمیں اپنے وطن پاکستان اور بلوچستان پر پورا یقین ہے اس یقین کو کوئی نہیں توڑ سکتا۔ کھیلوں کے انعقاد کے
فوائد ہیں جس میں بچوں کی انسانی نشوونما، ہار جیت کو سمجھنا، جیتنے والے کو مبارکباد، ہارنے والا پھر جیتنے کی کوشش کرے، ٹیم ورک، اور کھیلو
ذریعے بہتر اخلاق بنانے کی تربیت فراہم کی جا سکتی ہے، بچے گلی گلیوں میں کرکٹ، فٹ بال سمیت ہر گیم کھیلا کرتے ہیں پھر سکولوں
یونیورسٹیوں اور ڈیپارٹمنٹ کی سطح پر مقابلے منعقد ہوتے ہیں کبڈی سے متعلق دنیا جان گئی ہے کہ یہ ایک کھیل ہے، بلوچستان کے اند
کامیاب انداز سے قومی گیمز کا انعقاد کیا گیا۔

Zamana Quetta

## کوئٹہ میں 19 سال بعد قومی کھیلوں کا انعقاد

کوئٹہ میں 34ویں نیشنل گیمز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں 19 سال بعد قومی کھیلوں کا انعقاد خوش آئند اقدام ہے۔ کوئی طاقت پاکستان اور بلوچستان کو ترقی سے نہیں روک سکتی۔ اس میں شبہ نہیں کہ ایک طویل عرصہ کے بعد بلوچستان میں کھیلوں کے انعقاد سے دنیا کو یہ مثبت پیغام گیا ہے کہ بلوچستان ایک پرامن صوبہ ہے۔ بلوچستان میں قیام امن میں پاک فوج کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جس کی کوششوں سے صوبہ میں کھیلوں کا انعقاد ممکن ہو سکا۔ بلوچستان ایک زرخیز اور معدنی دولت سے مالا مال صوبہ ہے۔ اس کے وسائل کے استعمال کے حوالے سے بلوچستان کے عوام کو جو شکایات رہی ہیں ان کے ازالہ کے لئے تمام سیاسی کوششیں بھی بروئے کار لائی جانی چاہئیں۔ اس کے وسائل کے صحیح استعمال سے نہ صرف پسماندہ علاقوں کو ترقی دی جا سکتی ہے بلکہ ایسے اقدامات پورے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا موجب بھی بن سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبے میں کھیلوں کے فروغ کے ساتھ صوبہ کی ہمہ جہت ترقی کے لئے اس کے وسائل کو صوبے کی ترقی اور اس کی پسماندگی دور کرنے پر خرچ کیا جائے اور اس کا تسلسل برقرار رکھا جائے۔ روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کیے جائیں تا کہ بلوچ نوجوانوں کو کھیلوں کے ساتھ ساتھ دیگر شعبوں میں ترقی کے اہداف کے حصول کے لئے اپنی بہترین صلاحیتوں کے اظہار کا موقع مل سکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 01 JUN 2023 Page No: 18


# Helping flood victims

Last year unprecedented massive rains and floods had caused severe destruction in Pakistan particularly in Balochistan and Sindh, but despite the passage of eleven months, millions of flood victims are still waiting for relief. There are hundreds of families in most of the districts of Balochistan and Sindh who are still waiting for the government aid and assistance to rebuild their houses. Pakistan has repeatedly appealed for aid at the international level through the United Nations, but so far only 21 percent of the estimate has been received. According to reports, in the meeting of the International Partner Support Group (IPSG) in Islamabad, projects involving 97.5 million dollars have been finalized, in which 57.5 million from the Asian Development Bank and 40.40 million from the World Bank. In this regard, the Board of Executive Directors of the World Bank has approved 21.3 million dollars to improve the provision of livelihoods and essential services, especially in Balochistan, to increase economic and administrative security, for which the country director of the bank in Pakistan has approved the government. The World Bank's priorities include providing employment to flood-affected people, preventing future floods and building irrigation infrastructure. It should be noted that as far as Balochistan is concerned, it is the largest province of the country in terms of areas and least developed part of Pakistan. Unfortunately, Balochistan lacks far behind in all sectors, including that of education, health and agriculture, from other provinces of the country. Agriculture is the mainstay of the economy of Balochistan, therefore as many as 70 per cent people in the province are directly or indirectly associated with this sector. Unfortunately, the devastating floods badly ruined agriculture and livestock sectors due to which tens of thousands of people were rendered jobless and a huge portion of the population was deprived of their livelihood. Due to these difficult situations, poverty, backwardness and food insecurity have increased manifold in Balochistan during the past one year. Regrettably, the federal government has paid little attention to minimize miseries of masses hit by floods while now the season of monsoon once again approaches. Therefore, immediate construction of houses of flood affectees and addressing their other issues are inevitable to avoid more damages. For this, the federal and provincial governments and the relevant institutions and departments have to organize urgent measures. Moreover, funds allocated for flood affectees ought to be distributed and given purely on merit so that the deserving people could not be missed.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 01 JUN 2023 Page No: 19


# National Games showcasing

The recently concluded National Games in Quetta, Balochistan, were nothing short of extraordinary. With teams from all over Pakistan converging in the scenic city, the event proved to be a testament to the immense talent, resilience, and commitment of the athletes, as well as the visionary efforts of the Balochistan government. The successful organization of this grand sporting extravaganza highlights the remarkable potential of Balochistan and the dedication of its leadership to promote sports and unity within the province The National Games in Quetta were not just about showcasing the sporting talents of Balochistan, but they also acted as a platform to foster unity, friendship, and healthy competition among athletes from diverse backgrounds. It was a vibrant celebration of sportsmanship, where participants and spectators alike were treated to awe-inspiring performances, passionate rivalries, and moments of great triumph. By hosting this event, the Balochistan government has clearly demonstrated its commitment to creating an inclusive and harmonious environment for all.

Balochistan often referred to as the "land of natural beauty," has been historically endowed with abundant natural resources. However, the true potential of this province lies not only in its minerals and landscapes but also in the talent and spirit of its people. The National Games in Quetta provided an excellent opportunity to bring forth and celebrate this untapped potential. By providing state-of-the-art sports facilities, encouraging participation, and creating a supportive infrastructure, the government of Balochistan has paved the way for its athletes to shine on a national stage. The success of the National Games in Quetta

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6 DATE: 01 JUN 2023 Page No: 21


# صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا کوئٹہ کا دورہ

## چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کا عوام اور مسلح افواج کے درمیان خلیج پیدا کرنے والوں کو دوٹوک پیغام




خلیل احمد

کوئٹہ میں 19 سال بعد کھیلے گئے 34ویں نیشنل گیمز اپنی تمام تر رعنائیوں اور خوشگوار یادوں کے ساتھ اختتام پزیر ہوگئے۔ نیشنل گیمز کی افتتاحی تقریب میں وزیراعظم محمد شہباز شریف اور اختتامی تقریب میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف حسین علوی نے شرکت کی، نیشنل گیمز 12 مئی سے 30 مئی تک منعقد ہوئے اختتامی تقریب کوئٹہ کے ایوب سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئی جس میں صدر مملکت کے ساتھ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے صوبائی وزراء اور دیگر متعلقہ حکام نیب شرکت کی۔ ڈاکٹر عارف حسین علوی نے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ایک پرامن اور محفوظ صوبہ ہے موجودہ اور سابقہ حکومتوں نے بلوچستان میں قیام امن کے لئے کوششیں کیں جو بار آور ثابت ہوئیں، نیشنل گیمز کے انعقاد سے یہاں کھیلوں کو فروغ حاصل ہوگا، بلوچستان میں 19 سال بعد قومی کھیلوں کا انعقاد خوش آئند اقدام ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ بلوچستان ایک پرامن صوبہ ہے جہاں صحت مندانہ سرگرمیوں کا انعقاد ممکن ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ منظم انداز میں قومی سطح کے ان کھیلوں کے انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ خوشی ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح نے اپنے ذاتی پیسوں سے 1948 میں جو ٹرافی خریدی تھی وہ آج بھی بلوچستان میں موجود ہے اور قائداعظم کی بلوچستان اور کھیلوں سے محبت کا مظہر ہے ڈاکٹر عارف علوی نے مزید کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح اور محترمہ فاطمہ جناح نوجوان کی مثبت سمت میں ترقی پر خصوصی توجہ دیتے تھے اور آج بھی ہمیں ان عظیم شخصیات کے راستوں پر گامزن رہنے کی ضرورت ہے کوئٹہ میں نیشنل گیمز کے انعقاد سے پوری دنیا پر واضح ہوا کہ بلوچستان ایک پرامن اور محفوظ صوبہ ہے یہ صوبہ بلاشبہ زرخیز اور معدنی دولت سے مالا مال خطہ ہے جو پورے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا موجب بن سکتا ہے، صدر عارف علوی کا کہنا تھا کہ بلوچستان اور پاکستان کی تعمیر تو نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے آج کی محنت کل کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے اور قائداعظم محمد علی جناح کے ارشادات کے مطابق ترقی کے اہداف اتحاد کے ذریعے ہی حاصل کئے جاسکتے ہیں اور یہ واضح ہے کہ کوئی بھی طاقت بلوچستان اور پاکستان کو ترقی



کرنے سے نہیں روک سکتی۔ صدر مملکت نے تمام کھلاڑیوں، منتظمین اور پولیس کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بہترین اور منظم انداز میں قومی سطح کے کھیلوں کا انعقاد ایک ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ اس سے قبل صدر علوی نے کوئٹہ پہنچنے پر گورنر ہاؤس کا دورہ کیا جہاں ان کی گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے ون ٹو ون ملاقات ہوئی۔ گورنر ہاؤس میں ہونے والی ون ٹو ون ملاقات میں اہم سیاسی اور انتظامی امور سمیت باہمی دلچسپی کے معاملات پر تفصیلی بات چیت ہوئی جبکہ گورنر بلوچستان نے ڈاکٹر عارف علوی کو صوبے کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ کوئٹہ میں 19 سال بعد قومی کھیلوں کے انعقاد سے بلاشبہ بلوچستان کے بارے نہ صرف قومی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ایک مثبت پیغام جائے گا جبکہ صوبے میں کھیلوں کو فروغ حاصل ہوگا ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن ہو، پاکستان سپورٹس بورڈ ہو یا پھر کھیلوں کے دیگر قومی تنظیمیں بلوچستان میں کھیلوں پر بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ صوبے کے نوجوانوں کو دیگر غیر تعمیری سرگرمیوں ہٹا کر مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جاسکے اس طرح نہ صرف نوجوانوں کی توجہ کھیلوں کی جانب کرکے ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مدد ملے حاصل ہوگی بلکہ بلوچستان سے بھی قومی سطح کے کھلاڑی ابھریں گے ایک عرصے سے بلوچستان میں کھیلوں سے وابستہ شخصیات، کھیلوں کی تنظیموں اور سیاسی جماعتوں کو وفاقی حکومت اور پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن سمیت پاکستان سپورٹس بورڈ سے یہ شکایتیں رہی ہیں کہ جس طرح دیگر شعبوں میں بلوچستان کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے اور صوبے کی تعمیر و ترقی پر درکار توجہ نہیں دی گئی بالکل اسی طرح طرح بلوچستان میں کھیلوں کا شعبہ بھی یکسر نظر انداز کیا گیا ہے۔

دوسری جانب آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کوئٹہ کا دورہ کیا آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے کوئٹہ گیریژن کا دورہ کیا، جنرل عاصم منیر نے کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کوئٹہ میں افسروں سے خطاب کیا، جس کے دوران آرمی چیف نے روایتی، غیر روایتی آپریشنل تیاریاں برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ عوام اور مسلح افواج کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی ہر کوشش ناکام رہے گی۔ انھوں نے ففتھ جنریشن وار فیئر سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کرنے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام اور مسلح افواج کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی ہر کوشش ناکام بنا دی جائے گی۔ ایسی کوئی خواہش کامیاب نہیں ہوگی۔ آرمی چیف نے مزید کہا کہ مسلح افواج پاکستان کے بہادر اور قابل فخر لوگوں کی مقروض ہے، عوام نے اپنی منفرد محبت سے دشمن کے مذموم عزائم کو منہ توڑ جواب دیا۔ جنرل عاصم کا کہنا تھا کہ ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کیلئے اندرونی عناصر اور بیرونی قوتوں کا گٹھ جوڑ بے نقاب ہو چکا ہے، آرمی چیف نے واضح کیا کہ پاک فوج دنیا کی مضبوط ترین افواج میں سے ایک ہے، اہل پاکستان کی بے مثال حمایت سے پاک فوج کو کوئی نہیں روک سکتا۔ آرمی چیف نے کوئٹہ گیریژن میں جوانوں کیلئے مختلف فلاحی اسکیموں کا بھی دورہ کیا جبکہ جنرل عاصم منیر کے گریژن پہنچنے پر کمانڈر کوئٹہ کور نے ان کا استقبال کیا۔

قومی اخبارات

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 7 DATE: 31 MAY 2023 Page No: 22

# Hosting National Games another feather in Balochistan's cap: President Alvi

Dawn Report

QUETTA: President Dr Arif Alvi on Tuesday said the holding of the National Games in Quetta was another feather in Balochistan's cap as it sent a message to the entire world that peace had returned to the province.

After handing over the overall trophy to winners Pakistan Army during the closing ceremony, the president added that sporting activities lead to healthy competition by promoting discipline and character building.

Army won the Games convincingly, collecting 199 golds across 32 disciplines and 398 medals overall and finishing well ahead of second-placed Wapda, whose tally of 290 overall included 109 golds.

**Medals table**

Tabulated under team, gold, silver, bronze, total:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Pakistan Army | 199 | 133 | 66 | 398 |
| Wapda | 109 | 101 | 80 | 290 |
| Pakistan Navy | 28 | 32 | 49 | 109 |
| Pakistan Air Force | 8 | 24 | 42 | 74 |
| Higher Education Commission | 8 | 17 | 93 | 118 |
| Sindh | 4 | 16 | 23 | 43 |
| Khyber Pakhtunkhwa | 4 | 6 | 39 | 49 |
| Punjab | 3 | 11 | 53 | 67 |
| Pakistan Railways | 3 | 8 | 25 | 36 |
| Balochistan | 2 | 18 | 30 | 50 |
| Pakistan Police | 1 | 2 | 12 | 15 |
| Islamabad | 0 | 0 | 7 | 7 |
| Gilgit Baltistan | 0 | 0 | 0 | 0 |
| Azad Jammu & Kashmir | 0 | 0 | 0 | 0 |

Pakistan's top athletes including javelin thrower Arshad Nadeem and weightlifter Nooh Butt won their respective events and while the president hailed the sporting achievements, he praised Balochistan for successfully concluding the first edition of the Games held there in 19 years.

"Balochistan is rich with natural and mineral resources and the government is working to utilise them for the progress and prosperity of the province," he said.

"Holding the national sporting event has shown that Balochistan is a peaceful province and this is another feather in its cap. All the stakeholders have made excellent arrangements and the athletes have shown their mettle at the event."

He added that sports always help in "promoting mental health, character building, team work, and healthy competition at different levels".

"The Quaid-i-Azam always encouraged young people of the country to take part in healthy activities and stressed upon imbibing the spirit of unity, faith and discipline in all walks of life," added President Alvi.

"Our youth should have faith in their ability and talent and no power in the world can hamper their quest for success in life."

Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar and Provincial Minister for Sports and Youth Affairs Abdul Khaliq Hazara were also present on the occasion and President Alvi said that athletes of the country should be given opportunities to excel.

"As a nation, we should promote our athletes by providing them with opportunities to flourish," he said. "It is very important for any country to have talented sportspersons."

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

01 JUN 2023

Bullet No.________ DATE: ________ Page No: ________



صدر ڈاکٹر عارف علوی صوبائی محتسب افسران میں بہترین کارکردگی کی بنیاد پر شیلڈز تقسیم کررہے ہیں



کوئٹہ: خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی کا دارالامان پہنچنے پر خواتین کے ہمراہ گروپ



کوئٹہ: صدر ڈاکٹر عارف علوی سے چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ: صدر عارف علوی محتسب کے کردار سے متعلق سیمینار سے خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کا ایک روزہ سیمینار کے شرکاء کے ہمراہ گروپ



گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ سے سابق سیکرٹری شہباز خان مندوخیل ملاقات کررہے ہیں



صدر ڈاکٹر عارف علوی کو کوئٹہ ایئرپورٹ پر گورنر ملک عبدالولی کاکڑ الوداع کہہ رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.________ DATE: 01 JUN 2023 Page No:________




QUETTA: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Kakar addressing a seminar on The Role of Ombudsman in Safeguarding Public Rights and Good Governance on Wednesday.

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

**Daily:** Century Express Quetta

Bullet No.________ DATE: 01 JUN 2023 Page No:________



صوبائی سلیکشن بورڈ کی صدارت چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

**Daily:** JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 01 JUN 2023 Page No:________



صوبائی وزیر زمرک اچکزئی کا مراکز میں انٹرنیشنل سوفٹ ویئر نمائش میں مندوبین کے ہمراہ گروپ



صوبائی وزیر صحت احسان شاہ چیئرمین پی آر اے نور الحق بلوچ و دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

**Daily:** JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 01 JUN 2023 Page No:________



ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر کے ہمراہ
عبدالشکور مری اور میر نواز مری کا گروپ